## سوال

(224) جمعہ کے دن حدیث بیان کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جمعہ کے دن عصر کے وقت حدیث بیان کرنا جائز ہے ؟ راہنمائی فرمائیے اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر سے نوازے ۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمعہ کے دن عصر کے وقت مغرب کے وقت اور ہر وقت حدیث بیان کرنا جائز ہے حدیث بیان کرنا وعظ و نصیحت کرنا سننے والوں کے لئے علم نصیحت اور فائدہ کے حصول کا موجب ہے اس میں حاضر ہونے کے لئے کسی کو پابند نہیں کیا جا سکتا اور نہ اسے مکروہ سمجھنے کی کوئی دلیل ہے ہاں البتہ لوگوں نے یہ عادت اپنالی ہے کہ وہ جمعہ کے دن کام کرتے ہیں نہ درس وتدریس ویسے ان میں ان شاء اللہ کوئی حرج نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ]

**ج1ص38**